Urdu Novels Ghar

سفر مکمل ہوا

از

صالحہ تبسم

Urdu Novels Ghar

یہ ناول صالحہ تبسم کی لکھائ میں سے ان کا پہلا ناول ہے. چلیں اب اس ناول کو پڑھ کر بتاءیں آپ کو کیسا لگا.

Urdu Novels Ghar

Urdu Novels Ghar

قسط1

وہ ہمیشہ گھر سے عبایا پہن کر نکلتی تھی اس کے چہرے پر ہر وقت نقاب رہتا تھا اسکے ماں باپ کے سوا کسی نے کبھی اس کے چہرے کا دیدار نہیں کیا تھا ہمیشہ کی طرح آج بھی وہ سجدے میں تھی کہ اسکا فون بجنے لگا اس نے فجر کی نماز ختم کرنے کے بعد فون دیکھا تو اسکی یونیورسٹی کے انچارج کا مسیج آیا تھا کہ آج صبح آٹھ بجے اس کا پریکٹیکل ہے وہ یہ مسیج پڑھ کر حیران ہوئی کیونکہ کل تک تو کسی پریکٹیکل کا ذکر نہیں کیا تھا مگر اب وہ کتابیں کھول کر تیاری کرنے لگی کچھ دیر پڑھنے کے بعد اس کے کمرے کا دروازہ کھلا اور اس کی امی اندر آئی اور زروش سے کہا بیٹا پی لو پھر کام کرنا بیٹا سکون اجائے گا زروش اٹھی ماں کو سینے سے لگا کر بولی ماما مجھے سکون آپ کو اور بابا کو دیکھ کر آتا ہے ماں نے اسکے ماتھے کو چومتے ہوئے کہا ہمیشہ خوش رہو میری جان میری زندگی تم سے ہی تو ہماری ساری خوشیاں ہیں اور پھر وہ اسے دودھ کا گلاس پکڑا کر چلی گئی ساتھ بجتے ہی زروش گھر سے نکلی اور سات بج کر تیس منٹ پر وہ یونیورسٹی کے پریکٹیکل روم میں داخل ہوئی انکے استاد نے آج کا پریٹیکل بہت خاص ہے ہمارے سینیر سر مراد اس پریکٹیکل میں پاس ہونے والے کو لندن لے کر جائیں گے فردر سٹڈیز کے لیے اب تو زروش اور توجہ سے تیاری کرنے لگی.